109335 ـ احرام کے لباس کو خوشبو لگانا جائز نہیں

سوال

بعض لوگ جب احرام باندھنا چاہتے ہیں تو اپنے جسم اور سر اور احرام کے کپڑوں کو خوشبو لگا کر احرام پہن لیتے ہیں، ایسا کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

احرام باندھنے سے قبل سر اور جسم کو خوشبو لگانا سنت ہے، اس کی تفصیل سوال نمبر (106550) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے، آپ اس کا مطالعہ کریں.

رہی احرام کے کپڑوں کو خوشبو لگانی تو یہ جائز نہیں ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے محرم شخص کو ایسا کپڑا پہننے سے منع فرمایا ہے جسے خوشبو لگائی گئی ہو.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے احرام کے لباس کو خوشبو لگانے کے بارہ میں دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

" جائز نہیں ہے؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" تم ایسا لباس مت پہنو جسے زعفران اور ورس خوشبو لگائی گئی ہے " انتہی

دیکھیں: مجموع الفتاوی ابن عثیمین (22 / 9).

واللہ اعلم .